الیکشن کمیشن آف پاکستان

اسلام آباد ۲۰ اکتوبر ۲۰۱۵

مقامی حکومتوں کے انتخابات برائے

اسلام آباد وفاقی دارالحکومت

(انتخابی عملے کے لیے ضابطہ اخلاق)

## نوٹیفیکیشن

نمبر-(F.3(2)/2015-LGE(ICT:- اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین کی شق ۱۴۰ اے وشق ۲۱۹ اور اسلام آباد وفاقی دارالحکومت لوکل گورنمنٹ ایکٹ ۲۰۱۵ء کی دفعہ ۷۱(۱) کے تحت حاصل شدہ اختیارات اور دیگر تمام حاصل ختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے الیکشن کمیشن نے اسلام آباد میں آئیندہ مقامی حکومتوں کے انتخابات اور اس کے بعد ہونے والے ضمنی انتخابات کے لئے متعین انتخابی عملے کے لئے مندرجہ ذیل ضابطہ اخلاق جاری کیا ہے جس کی پابندی متعلقہ افسران اور عملے کے لئے لازم ہوگی:۔

1۔ پریذائیڈنگ افسر صرف ضلعی ریٹرننگ افسر اور ریٹرننگ افسر کی طرف سے موصولہ ہدایات پر عمل کرے گا اور جہاں ضروری ہوگا الیکشن کمیشن کی طرف سے جاری کردہ ہینڈ بک سے رہنمائی حاصل کرے گا۔

2۔ اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسر اور پولنگ افسران پولنگ والے دن پریذائیڈنگ افسران کی ہدایات پر عمل کو یقینی بنائیں گے۔

3۔ انتخابی عملہ پولنگ والے دن وقت کی پابندی کا خیال رکھے گا اور جب تک پولنگ اسٹیشن پر تمام کاروائی مکمل نہ ہوجائے وہاں موجود رہے گا۔

4۔ اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسران اور پولنگ افسران پولنگ اسٹیشن کھولنے اور بند کرنے اور انتخابی سامان کی ترسیل میں پریذائیڈنگ افسر کی مدد کریں گے۔

5۔ اگر کسی وقت انتخابی عملے کا کوئی رکن کسی وجہ سے اپنے فرائض انجام دینے سے قاصر ہوتو فوراً اپنے پریذائیڈنگ افسر کو اطلاع دے گا/ دے گی جوفوری طور پر اس بارے میں اپنے ریٹرننگ افسر کو مطلع کرے گا/ گی۔

6۔ انتخابی عملہ اپنی پیشہ وارنہ ذمہ داریاں مکمل غیر جانب داری سے نبھائے گا اور تمام رائے دہندگان، امیدواروں اوران کے ایجنٹوں، ذرائع ابلاغ کے نمائندوں اور مبصرین کے ساتھ کسی قسم کا تعصب روانہیں رکھے گا۔

7۔ انتخابی عملہ اپنے آپ کو کسی سیاسی کاروائی یا انتخابی مہم میں ملوث نہیں کرے گا اور نہ ہی پولنگ اسٹیشن پر اپنی ذمہ داریوں کی ادائیگی کے دوران اپنی پسند یا ترجیح کا اظہار کرے گا۔

8۔ انتخابی عملہ پولنگ اسٹیشن میں کسی رائے دہندہ کو کسی امیدوار یا سیاسی جماعت کو ووٹ دینے یا نہ دینے کا مشورہ نہیں دے گا۔

9۔ انتخابی عملہ کسی امیدوار کا نشان نہیں پہنے گا۔

10۔ انتخابی عمل رائے دہندگان کے حقوق کی حفاظت کرے گا اور اس بات کا اہتمام کرے گا کہ خفیہ رائے دہی کے اصول کی کسی صورت میں خلاف ورزی نہ ہو۔

11۔ پریذائیڈنگ افسر پولنگ اسٹیشن پر پیش آنے والے مسائل کو فوری طور پر حل کر کے انتخابی عمل کو بلاتعطل جاری رکھنے کو یقینی بنائے گا۔

12۔ پریذائیڈنگ افسر اس بات کا خصوصی اہتمام کرے گا / گی کہ ضعیف العمر یا بیمار رائے دہندگان اور حاملہ خواتین بغیر کسی انتظار کے اپنا حق رائے دہی استعمال کر سکیں۔ انہیں رائے دہندگان کی قطار میں سب سے آگے کھڑا کیا جائے گا۔

13۔ پریذائیڈنگ افسر اور دیگر انتخابی عملہ اس بات کا خاص خیال رکھے گا کہ بینائی سے محروم اور دیگر معذور رائے دہندگان بغیر کسی رکاوٹ یا پریشانی کے اپنا ووٹ ڈال سکیں۔ انہیں قانون کے مطابق اپنی مرضی کا مددگار رکھنے کی سہولت مہیا کی جائے گی۔

14۔ پریذائیڈنگ افسر کسی امیدوار کو پولنگ اسٹیشن کے اندر یا پولنگ اسٹیشن سے باہر ۲۰۰ میٹر کی حدود میں انتخابی مہم نہیں چلانے دے گا۔

15۔ پریذائیڈنگ افسر ایسے انتخابی مبصرین اور ذرائع ابلاغ کے نمائندوں کو پولنگ اسٹیشن کے اندر آنے کی اجازت دے گا جن کے پاس الیکشن کمیشن یا کسی دیگر مجاز افسر کا اجازت نامہ ہو۔ تاہم ایسے افراد کو انتخابی عمل میں مداخلت کرنے یا ووٹنگ اسکرین تک جانے کی اجازت نہیں ہوگی۔

بحکم الیکشن کمیشن

(فدا محمد)

ایڈیشنل سیکریٹری (ایڈمن)